3996-کافر کو حاشیہ پر ترجمہ کیا گیا قرآن مجید دینے کا حکم

سوال

کیا کفار کو وہ قرآن کریم جس کے حاشیہ پر ترجمہ کیا گیا ہے اور قرآنی نص عربی میں ہو دعوۃ و تبلیغ کی غرض دیا جاسکتا ہے ؟

پسندیدہ جواب

ہم نے مندرجہ ذیل سوال فضیلۃ الشیخ محمد بن صالح العثیمین رحمہ اللہ تعالی کے سامنے پیش کیا :

کافر کو وہ قرآن کریم دینا جس میں ترجمہ و تفسیر اور قرآنی نص ایک ہی حجم میں ہو اس کا حکم کیا ہے ؟

شیخ رحمہ اللہ تعالی کا جواب تھا :

اللہ تعالی آپ کو سلامت رکھے _ علماء کے ہاں معروف یہ ہے کہ قرآن مجید پر کافر کا مسلط ہونا جائز نہیں لیکن کافر کو دعوت و تبلیغ کرنی چاہے ۔اگر وہ کافر سچا ہو اور قرآن کریم کی معرفت چاہتا ہو- تو اسے لائیبریری آنے کی دعوت دی جائے چاہے وہ لائبریری گھر کی ہو یا پھر عمومی ہو تو اسے اپنے سامنے قرآن مجید دکھائے ۔ انتہی ۔

اور اگر قرآنی نص کے بغیر صرف ترجمہ کا نسخہ مل جائے تو وہ کافر کو دینے میں کوئی حرج نہیں ۔

واللہ تعالی اعلم ۔ .